Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · HER LIFE

Marriage Life

ازدواجی زندگی

Just as the entire life of the Prophet (pbuh) was a perfect example, Lady Fatima (pbuh) also lived an unparalleled life in her husband's home. Likewise, her husband, her father, and her children were all exemplary figures. The shared life of Imam Ali (pbuh) and Lady az-Zahra (pbuh) unfolded under the guidance and teachings of the Messenger of Islam (pbuh). They cooperated with one another in all matters of life. Financial hardship was often their constant companion, to the extent that they did not even possess the means to keep a servant or helper to assist Imam Ali (pbuh) in his difficult and demanding work. It was rarely the case that this compassionate and kind couple could sleep peacefully on a cool, small bed during cold nights. If they covered their feet with the blanket, their heads would remain uncovered, and if they covered their heads, their feet would be left bare. Lady az-Zahra (pbuh) was by nature content and inwardly independent. She had heard from her noble father that true independence does not lie in wealth, but rather in the richness and sufficiency of one's soul and nature. She had also heard from her father that Allah, the Most Holy, wished to fill the deserts of Mecca with gold and grant them to him, but he said: "My Lord, I prefer that one day I remain hungry and on another day I eat to my fill, so that on the day I am hungry I may humble myself and supplicate before You, and on the day I am satisfied I may praise You and give thanks for Your blessings."

جس طرح آنحضرتؐ کی پوری زندگی نمونہ ہے حضرت فاطمہ نے بھی شوہر کے گھر میں بے نظیر زندگی گزاری۔ بعینہ اسی طرح ان کے شوہر باپ، اور فرزند نمونہ تھے۔ حضرت امام علی اور حضرت زہرا کی باہمی زندگی پیغمبر اسلام کے ارشادات کے سائے میں گزری۔ وہ دونوں زندگی کے معاملات میں ایک دوسرے سے تعاون کرتے تھے۔ معمولاً معاشی مشکلات ان کے دامن گیر رہیں۔ حتی کہ خدمت گذار اور نوکر رکھنے کے لئے مالی وسائل نہ تھے۔ جو حضرت امام علی کو مشکل اور سخت کاموں میں مدد دے، ایسا بہت کم ہوا ہے کہ یہ شفیق اور مہربان میاں بیوی خنک اور چھوٹے بستر پر سردی کی وجہ سے چین سے سو سکے، اگر اوڑھنی کو پاؤں پر ڈالیں تو سر خالی اور اگر سر کو چادر میں کریں تو پاؤں ننگے ہو جاتے، حضرت زہرا طبیعتاً بے نیاز اور پر سکون تھیں۔ انہوں نے اپنے والد گرامی سے سن رکھا تھا کہ حقیقت میں بے نیازی ثروت سے نہیں ہوتی بلکہ بے نیازی انسان کی طبیعت اور نفس کے غنی ہونے میں مضمر ہے۔ اسی طرح اپنے والد گرامی سے سن رکھا تھا کہ خداوند قدوس چاہتا تھا کہ مکہ کے بیابانوں کو سونے سے بھر کر مجھے دے، لیکن میں نے عرض کیا، پروردگار میں پسند کرتا ہوں کہ ایک دن خالی پیٹ رہوں تو دوسرے دن سیر ہو کر کھاؤں، تاکہ جس دن خالی پیٹ رہوں تیری بارگاہ میں تضرع اور عرض نیاز کروں اور جس دن سیر ہوں تیری حمد وثنا اور نعمتوں پر شکر بجالاؤں۔

Free to read, copy and share

It is narrated from Anas ibn Malik that one day the Messenger of Allah (pbuh) asked us: “What is the best thing for women?” None of us knew the answer. Imam Ali (pbuh) immediately went to Lady Fatima (pbuh) and related the entire matter to her. She replied: “Why did you not say that the best thing for women is that they do not see a non-mahram man, nor does a non-mahram man see them?” Imam Ali (pbuh) returned and presented this answer to the Prophet. The Messenger of Allah then asked: “O Ali (pbuh), who informed you of this answer?” He replied: “Fatima (pbuh).” At that moment, the Prophet said: “Indeed, Fatima (pbuh) is a part of my body.” Soon after, that modest home was illuminated by beloved and soul-refreshing children. Thus, this righteous couple was blessed with children such as Hasan (pbuh), Husain (pbuh), and Mohsin (pbuh), and Zainab (pbuh) and Umm Kulthum (pbuh). The names of the three sons were given by the Messenger of Allah, while the names of the two daughters were chosen by Lady az-Zahra (pbuh) herself.

انس بن مالک سے روایت ہے کہ ایک دن پیغمبر اسلامؐ نے ہم سے پوچھا؟ کہ عورتوں کیلئے سب سے اچھی چیز کیا ہے؟ کوئی بھی اس کا جواب نہیں جانتا تھا، حضرت علی علیہ السلام فوراً حضرت فاطمہ کے پاس آئے، اور ان سے سارا ماجرا بیان کیا، حضرت فاطمہ نے فرمایا کہہ کیوں نہیں دیا عورتوں کے لئے بہترین چیز یہ ہے کہ وہ نامحرم کو نہ دیکھے اور نامحرم اس کو نہ دیکھ سکیں۔ حضرت امام علی نے واپس آکر پیغمبر اسلامؐ کے سوال کا جواب عرض کردیا، پیغمبر اسلامؐ نے فرمایا کہ اے علی کس نے آپ کو اس کا جواب بتلایا ہے؟ فرمایا حضرت فاطمہ نے، اس وقت پیغمبر نے فرمایا حقیقتاً فاطمہ میرے بدن کا ٹکڑا ہے۔ کچھ ہی عرصے بعد اس معمولی سے گھر کو انتہائی پیارے اور روح افزا بچوں نے روشن کردیا، لہذا یہ نیک میاں بیوی حسن، حسین اور محسن اور زینب و ام کلثوم جیسی اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوتے ہیں۔ تینوں بیٹوں کے نام پیغمبر اسلامؐ نے رکھے جبکہ دونوں صاحبزادیوں کے نام حضرت زہرا نے رکھے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/marriage-life-3661 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.